# 10919 ۔ مصیبت کے وقت سیاہ لباس پہننا باطل رسم ہے جس کی کوئی دلیل نہیں ملتی

**سوال**

كيا كسی كے فوت ہونے پر اور خاص كر خاوند كی وفات پر سياہ لباس پہننا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مصائب اور تكاليف كے وقت سياہ لباس پہننا ايك باطل علامت ہے جس كی كوئی دليل نہيں ملتی... مصيبت كے وقت انسان كو چاہيے كہ شريعت مطہرہ پر عمل كرے اور وہی اعمال بجا لائے جو شريعت مطہرہ نے مشروع كيے ہيں، لہذا اسے مصيبت كے وقت ( انا للہ و انا اليہ راجعون ) ( يقينا ہم اللہ تعالی كے ليے ہيں اور اسی كی طرف پلٹنے والے ہيں ) پڑھے.

اور اس كے ساتھ سنت نبويہ ميں وارد شدہ مندرجہ ذيل دعا بھی پڑھے:

( اللہم اجرنی فی مصيبتی، واخلف لی خيرا منہا )

( اے اللہ مجھے ميری مصيبت ميں اجر دے، اور مجھے اس سے بہتر عطا فرما )

اگر وہ يہ دعائيں ايمان اور اجروثواب كی نيت سے پڑھتا ہے تو اللہ سبحانہ وتعالی اسے اس پر اجر عطا كرےگا اور اس كے بدلے ميں اس سے بھی بہتر چيز عطا فرمائےگا.

ليكن كسی خاص رنگ كا لباس پہننا مثلا سياہ يا اس طرح كا كوئی اور لباس زيب تن كرنے كی كوئی دليل نہيں ہے، اور يہ باطل اورمذموم ہے.